AL-GHAZI TRACTORS LIMITED

# Notice of Extraordinary General Meeting

Notice is hereby given that the Extraordinary General Meeting of Al-Ghazi Tractors Limited (the Company) will be held on Friday, March 01, 2024 at 4:00 PM at Pearl Continental Hotel, Karachi to transact the following business:

1. To confirm the minutes of the Annual General Meeting held on April 27, 2023.
2. To elect nine (09) Directors as fixed by the Board in accordance with the provisions of Companies Act, 2017 for a term of three years, in place of the existing Directors whose term of office will expire on March 03, 2024. The Retiring Directors who are also eligible for re-election are Robert Ian McAllister, Mr. Dmitrii Bogatyrev, Mr. Malik Ehtisham Ikram, Mr. Marco Votta, Mr. Matthieu Sejourné, Mr. Vincent Delassagne, Mr. Shahid Shahbaz Toor and Ms. Farah Qureshi.
3. Any other business with the permission of the chair.

By Order of the Board

-Sd-
**MANSOOR KHAN**
*Company Secretary*
Date: 31 January 2024

NOTES

1. The share transfer books of the Company will remain closed from February 23, 2024, to March 1, 2024 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrars, M/s. FAMCO Share Registration Services (Pvt.) Limited, situated at 8-F, Next to Hotel Faran, Nursery, Block 6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi, by the close of business on February 22, 2024 will be treated in time for the purpose of entitlement of the transferees to attend and vote at the meeting.
2. Any member (including a retiring Director) who seeks to contest the election of Directors shall file with the Company at its registered office, Tractor House, 102-B, 16th East Street, DHA Phase I, Off. Korangi Road, Karachi, not later than 14 days before the said meeting his/ her intention to offer himself/ herself for election of the Directors in terms of Section 159 (3) of the Companies Act, 2017 together with:

   a. Notice of his / her intention to stand for election and nomination form along with duly completed and signed Form-28 giving his / her consent to act as Director of the Company if elected (under Section 167(1) of the Companies Act, 2017), and certify that he is not ineligible to become a Director under any applicable laws, Rules and Regulations; and that he / she confirms to hold the qualification shares in accordance

with Article 88 of the Articles of Association of the Company.

b. Detailed profile along with office address and other information for placement on the Company's website seven days prior to the date of election accordance with SECP's SRO 1196(1)/2019 of October 03, 2019.
c. Declaration in respect of being compliant with the requirements of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and the eligibility criteria as set out in the Companies Act, 2017 to act as the Director of a Listed Company.
d. Attested copy of valid CNIC/ Passport.
e. Declaration by Independent Director(s) under Clause 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulation 2019.
f. Undertaking by Independent Director(s) on non-judicial stamp paper that he/she meet the requirements of sub regulation (1) of Regulation 4 of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

*The draft of aforesaid form and undertaking can be obtained from the Company and are also available on the Company's website www.alghazitractors.com*

3. If the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under sub-section (1) of Section 159 of the Companies Act, 2017, then, subject to requirements of Sections 143 and 144 of the Companies Act 2017, the Company shall provide its members with options of e-voting or voting by postal ballot in accordance with the provisions of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018.
4. A member entitled to attend, and vote may appoint a proxy to attend and vote on his/her behalf. Proxies, to be effective, must be received at the Registered Office of the Company duly stamped and signed not less than 48 hours before the time of the meeting. Proxies may also be appointed by emailing a scanned copy of signed form by the shareholder authorizing proxy along with email address of proxy and relevant details (as stated above) to eogm.agtl@alghazitractors.com.
5. The Form of Proxy in English and Urdu is attached to the notice being sent to the members. The Form of Proxy is also available on the Company's website i.e., www.alghazitractors.com
6. Shareholders or their proxies are requested to bring with them or otherwise furnish their Computerized National Identity Card or Passport along with the folio number or participants ID number and their account number at the time of attending the Meeting physically or through videoconference to facilitate their identification. The representatives of corporate bodies should provide attested copies of Board of Directors' resolution/powers of attorney and/or all such documents as are required under Circular No.1 dated 26 January 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") for the purpose.
7. Members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location other than Karachi, may participate in the meeting through video conference by submitting their application to the Company Secretary at least seven days prior to the date of the meeting. The Company will arrange a video conference facility in the requested city subject to availability of such facility in that city. The Company will intimate members regarding the venue of the video conference facility at least 5 days before the date of the general meeting

along with complete information necessary to enable them to access such facility.

8. Members (non-CDC) are requested to promptly communicate to the Share Registrars of the Company any change in their addresses. CDC shareholders should submit any change in their addresses to the CDC. The individual members who have not yet submitted photocopy of their valid CNICs and corporate entities who have not yet submitted their NTNs are once again reminded to have these details updated with their respective CDS participants, in case of CDC account holders and to send the same at the earliest directly to the Company's Share Registrars at the address given here-in-above, in case of physical shareholders. Please provide folio numbers with a copy of CNIC/NTN.

**STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 166(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017 IN RESPECT OF ELECTION OF INDEPENDENT DIRECTORS:**

Any person who is eligible and meets the criteria of independence under Section 166(2) of the Companies Act, 2017, may submit nomination to be elected as independent director with the Company. The independent director shall be elected in the same manner as other directors are elected in terms of Section 159 of the Companies Act, 2017.

After the notice/intention to stand for elections has been filed, the Company shall choose the independent director applying the following criteria:

- Respective competencies, diversity, skills, knowledge, and experience of those contesting the elections shall be assessed; and
- The Company shall exercise its due diligence before selecting a person as independent director and ensure that his/her name is duly included in the databank of independent directors maintained by the Pakistan Institute of Corporate Governance, duly authorized by the SECP, unless exempted and in accordance with the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) and Regulations 2018.

The Company is required to have one-third independent directors on its Board in accordance with the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019. Accordingly, three independent directors shall be elected in accordance with Section 159 of the Companies Act, 2017. The Chief Executive Officer is a deemed director as per law and hence the total number of Directors shall be ten including the elected directors and the CEO (i.e., deemed Director)

# اطلاع برائے غیر معمولی عمومی اجلاس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ الغازی ٹریکٹرز لمیٹڈ (کمپنی) کا غیر معمولی اجلاس عام، بروز جمعہ بتاریخ یکم مارچ 2024 سہ پہر 4 بجے، مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل کراچی میں منعقد ہو گا:

عمومی امور:

1۔ 27 اپریل 2023 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام کی تحریری کارروائی کی تصدیق کرنا

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شقوں کے مطابق بورڈ کی جانب سے، 3 مارچ 2024 کو سبکدوش ہونے والے موجودہ ڈائریکٹرز کی جگہ، تین سال کی مدت کے لیے 9 ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز جن کے نام جناب رابرٹ لائن میک السٹر، جناب دمتری بگا تریو، جناب ملک احتشام اکرام، جناب مارکو ووٹا، جناب میتھیو سیجارنے، جناب ونسنٹ ڈی سالا گنے، جناب شاہد شہباز طور اور محترمہ فرح قریشی ہیں، دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہیں

3۔ صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امور پر غور و خوض کرنا

بحکم بورڈ

منصور خان

کمپنی سیکرٹری

31 جنوری، 2024

نوٹس

1۔ کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب مورخہ 23 فروری 2024 تا یکم مارچ 2024 تک (بشمول دونوں دنوں ایام کے) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر واقع 8۔ ایف متصل فاران نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی میں مورخہ 22 فروری 2024 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی ٹرانسفرز اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے بروقت سمجھے جائیں گی۔

2۔ کوئی بھی رکن (بشمول سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹر) جو ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، کے لیے لازم ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(3) کے تحت ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کی بابت اظہار آمادگی کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع ٹریکٹر ہاؤس، 102 بی، 16 ایسٹ سٹریٹ، ڈی ایچ اے فیز 1 میں مذکورہ بالا اجلاس کے 14 دن قبل، مندرجہ ذیل دستاویزات کے ہمراہ درج کروائے:

a۔ مکمل طور پر پُر کیے گئے فارم 28 پر اپنے دستخط کے ساتھ انتخاب میں کھڑا اور نامزد کیے جانے کی آمادگی کا اظہار جس میں اس کی جانب سے تسلیم کیا جائے کہ اگر اسے منتخب کیا جاتا ہے (کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167(1) کے تحت) تو وہ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر اپنی خدمات سر انجام دے گا/دے گی نیز یہ بھی تصدیق کرے کہ وہ مروجہ قوانین کے مطابق ڈائریکٹر بننے کے لیے نا اہل نہیں ہے مزید برآں اس کی جانب سے یہ بھی تصدیق کی جائے کہ وہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 88 کے مطابق اہلیت کے لیے معینہ حصص کی تعداد رکھتا/رکھتی ہے۔

b۔ ایس ای سی پی کے ایس آر او 1196(1)/2019 مجریہ 3 اکتوبر 2019 کے مطابق، کمپنی کی ویب سائٹ پر درج کرنے کے لیے، انتخاب سے 7 دن پہلے تک، اپنے دفتر کے پتے اور دیگر تفصیلات کے ساتھ تفصیلی پروفائل کا اندراج

c۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی پاسداری نیز کمپنیز ایکٹ 2017 کے مطابق لسٹڈ کمپنی میں ڈائریکٹر کے عہدے کے لیے درکار اہلیت پر پورا اترنے کا حلف نامہ

d۔ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل

e۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز،2019 کی شق 6(3) کے تحت آزاد ڈائریکٹر (ڈائریکٹروں) کی ڈیکلریشن

f۔ آزاد ڈائریکٹر (ڈائریکٹرز) کی جانب سے سادہ اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ کہ امیدوار کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز،2018 کے ریگولیشن 4 کی سب ریگولیشن (1) کے تقاضوں پر پورا اترتا ہے

3۔ اگر انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ،2017 کے سیکشن 159 کے سب سیکشن (1) کے تحت معینہ تعداد سے زیادہ ہو تو کمپنیز ایکٹ،2017 کے سیکشنز 143 اور 144 کے مطابق کمپنی اپنے ممبران کو ای ووٹنگ یا کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز،2018 کی پاسداری کرتے ہوئے پوسٹل بیلٹ کے ذریعے رائے دہی کا موقع دے گی۔

4۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ کا اہل رکن اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لیے کسی بھی دوسرے شخص کو اپنا نمائندہ (Proxy) مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ نمائندگی کے مؤثر ہونے کے لیے لازم ہے کہ تقرری کی دستخط شدہ اور مہر لگی ہوئی دستاویز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں پہنچ جائے۔ نمائندوں کا تقرر ای۔ میل کے ذریعے بھی کیا جا سکتا ہے جس کے لیے دستخط شدہ فارم کی نقل جس میں نمائندے کو اختیار دیا گیا ہو، نمائندے کے ای۔ میل ایڈریس اور دیگر متعلقہ دستاویزات (جو اوپر درج ہیں) کے ہمراہ eogm.agtl@alghazitractors.com پر ای۔ میل کر دی جائیں۔

5۔ انگریزی اور اردو میں نمائندگی کا فارم ممبران کو ارسال کیے گئے نوٹس کے ساتھ موجود ہے۔ نیز نمائندگی کا فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.alghazitractors.com پر بھی دستیاب ہے۔

6۔ حصص داران اور ان کے نمائندگان سے التماس ہے کہ وہ اپنی شناخت میں سہولت کے لیے عمومی اجلاس میں از خود یا وڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کے وقت فولیو نمبر کے ساتھ اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ یا شریک ممبر کا آئی ڈی نمبر اور اپنا اکاؤنٹ نمبر ہمراہ رکھیں۔ نیز کارپوریٹ اداروں کے نمائندگان کے لیے ضروری ہے کہ وہ متعلقہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے ریزولوشن/پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ نقول یا/اور سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے اعلامیہ نمبر 1 مجریہ 26 جنوری 2000 کے مطابق تمام لازمی دستاویزات جمع کروائیں۔

7۔ ایسے ارکان جن کی حصص یافتگی کا مجموعی تناسب 10 فیصد یا زیادہ ہے اور کراچی سے باہر کسی دوسرے مقام پر رہائش پذیر ہیں، وہ اس اجلاس میں وڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کر سکتے ہیں جس کے لیے انہیں اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 07 دن قبل کمپنی سیکرٹری کے پاس درخواست جمع کروانا ہوگی۔ کمپنی کی جانب سے وڈیو کانفرنس اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔ کمپنی ارکان کو وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں عمومی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 5 دن قبل مطلع کرے گی اور اس کے ساتھ انہیں اس سہولت کو استعمال کرنے کے قابل بنانے کے لیے مکمل اور ضروری معلومات بھی فراہم کرے گی۔

8۔ غیر سی ڈی سی ارکان سے گزارش ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے پتوں میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کے بارے میں (اگر کوئی ہے) فوراً مطلع کریں۔ سی ڈی سی حصص یافتگان اپنے پتوں میں تبدیلی CDC کو پیش کریں۔ انفرادی ارکان جنھوں نے ابھی تک اپنے کارآمد قومی شناختی کارڈز کی نقل اور کارپوریٹ ادارے جنھوں نے ابھی تک این ٹی این جمع نہیں کراویا ہے، انھیں ایک بار پھر یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر ہونے کی صورت میں مطلوبہ تفصیلات اپنے متعلقہ سی ڈی سی شرکاء کے ساتھ جلد از جلد اپ ڈیٹ کریں، طبعی حصص یافتگان اوپر دیئے گئے پتے پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو براہ راست قومی شناختی کارڈ/این ٹی این کی نقل اور فولیو نمبر جلد از جلد فراہم کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166(3) کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کے ضمن میں شرائط، حقائق و ضوابط

کوئی بھی رکن جو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166(2) کے مطابق آزاد امیدوار کی اہلیت کے معیار پر پورا اترتا ہو، کمپنی کے آزاد ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کروا سکتا ہے۔ آزاد ڈائریکٹر کو بھی دیگر ڈائریکٹرز کے لیے اختیار کیے گئے طریقہ انتخاب کی طرح منتخب کیا جائے گا، کہ جس طریقہ کار کا ذکر کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 میں موجود ہے۔ الیکشن میں کھڑا ہونے کی آمادگی/نوٹس کے پُر ہونے کے بعد کمپنی مندرجہ ذیل معیارات کی بنیاد پر آزاد ڈائریکٹر منتخب کرے گی:

☆ الیکشن لڑنے والوں کے انتخاب سے قبل ان کی متعلقہ اہلیت، ہنر، تعلیم اور تجربے کو جانچا جائے گا: اور

کمپنی کسی فرد کے بطور آزاد ڈائریکٹر انتخاب سے قبل مطلوبہ احتیاط کے ساتھ یہ یقین دہانی کرے گی کہ اس کا نام سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے باقاعدہ مجاز، پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے مرتبہ، آزاد ڈائریکٹرز کی ڈیٹا بینک میں باقاعدہ شامل ہے، جب تک کہ اسے کمپنیز (آف انڈی پینڈنٹ ڈائریکٹر کے طریقہ انتخاب) اینڈ ریگولیشن 2018 کے مطابق استثنیٰ حاصل نہ ہو

کمپنی ایک تہائی تعداد میں آزاد ڈائریکٹرز کو لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے مطابق آن بورڈ لانا چاہتی ہے۔ اس طرح تین (3) آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ،2017 کے سیکشن 159 کے مطابق کیا جائے گا۔ مروجہ قوانین کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر بھی ڈائریکٹر ہی ہو گا اور یوں ڈائریکٹرز کی کل تعداد دس ہو گی بشمول منتخب ڈائریکٹرز اور چیف ایگزیکٹو آفیسر (جو خود بھی ڈائریکٹر ہو گا) کے۔